فَسْئَلُوْٓا اَھْلَ الذِّکْرِ اِنْ کُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ

دارُالافتاء جامعہ نعیمیہ

صف بندی میں فاصلہ رکھنا

سوال:

ڈاکٹر صاحبان کہتے ہیں: کرونا وائرس کے دوران لاک ڈاؤن کے زمانے میں انسانوں کے درمیان سماجی رابطے نہ رکھے جائیں، اسی کے تحت وہ مشورہ دیتے ہیں کہ باجماعت نماز پڑھنی ہے تو دو نمازیوں کے درمیان مناسب فاصلہ رکھا جائے، کیا ایسے جماعت ہوجائے گی، (ڈاکٹر طارق جمیل، لیاقت نیشنل میموریل ہاسپٹل، کراچی)۔

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم

اَلْجَوَاب بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّاب

یہ طریقہ سنتِ متوارثہ کے خلاف ہے، اَحادیثِ مبارکہ میں صف بندی کی بہت تاکید آئی ہے، لیکن اگر کچھ لوگ احتیاطی تدابیر اختیار کرتے ہوئے اس لیے جماعت میں شامل ہوتے ہیں کہ جماعت کے اجر سے محروم نہ رہیں تو انہیں ان کے حال پر چھوڑ دیا جائے، روک ٹوک نہ کی جائے، اللہ تعالیٰ سب کے احوال اور اَعذار کو خوب جاننے والا ہے، لیکن آئندہ بفضلِ الٰہی حالات نارمل ہونے پر اسے کبھی بھی نہ مثال کے طور پر Quote کیا جائے اور نہ نمازِ باجماعت میں ایسا طرزِ عمل اختیار کیا جائے، موجودہ صورتِ حال اضطراری ہے۔

مفتی منیب الرحمٰن

رئیس دارالافتاء دارالعلوم نعیمیہ، کراچی

DARUL ULOOM JAMIA NAEEMIA
Block-15, Federal, 'B' Area, Karachi-Pakistan.

Ph: 92-21-36314508
muftinaeemia@yahoo.com

دارالعلوم جامعہ نعیمیہ
بلاک نمبر 15 فیڈرل 'بی' ایریا، کراچی

نوٹ: کسی بھی مسئلے کی تصدیق کے لیے اس نمبر پر رابطہ کیا جاسکتا ہے۔